http:// www . nawaiwaqt. com. pk

مسلسل اشاعت کے 58 سال

DAILY NAWA-I-WAQT LAHORE

روزنامہ نوائے وقت لاہور

بانی: حمید نظامی مرحوم — ایڈیٹر: مجید نظامی

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد اور ملتان سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

منگل 27 صفر المظفر 1419ھ، 23 جون 1998ء، 9 ہاڑ 2055 ب — قیمت 7 روپے — فون نمبر 54-6367551-6302050 — جلد 58 — صفحات 16 — رجسٹرڈ نمبر ایل 203 — شمارہ 89

TUESDAY, JUNE 23-1998

بجلی چوروں کیخلاف کارروائی فوج کے سپرد — صفحہ 3

کراچی: 5 دہشت گردوں سمیت 162 ملزم گرفتار — صفحہ 3

اعتراف: دھماکوں کے سوا ہمیں کوئی کامیابی نہیں ملی: ایڈوانی — صفحہ 3

فلسطین: اسرائیل مسئلے کو پیچیدہ بنا رہا ہے: یورپی یونین — صفحہ 5

کتاب ہدایت — الانعام (آیت 152)

بعض امریکی پابندیاں ختم کرنے کیلئے بل سینٹ میں پیش کر دیا گیا

پاکستان اور بھارت پر لگائی گئی پابندیوں سے امریکی کسان اور تاجر بری طرح متاثر ہونگے۔ قومی مفاد کے پیش نظر امریکی صدر کو نرمی کرنے کا اختیار دیا جائے: بل میں تجویز، دونوں جماعتوں کے نو سینیٹروں کی حمایت سے پیش کیا گیا ہے

پابندیوں سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا لیکن ہماری معیشت کا دم گھٹ جائیگا۔ برآمد کنندگان کو 75 فیصد عالمی مارکیٹ سے محروم کر دیا ہے: پیٹ رابرٹس، صاحبزادہ یعقوب کی قیادت میں پاکستانی وفد امریکہ جائیگا

بقیہ نمبر 36 صفحہ 10 پر

کالا باغ ڈیم کا فیصلہ واپس نہیں لیا، رابطے مکمل ہونے کے بعد کام شروع ہو جائیگا: نواز شریف

کالا باغ ڈیم کی بنیاد رکھنے سے پہلے سندھ اور سرحد کو مطمئن کرنا چاہتا ہوں۔ کراچی کے حالیہ واقعات افسوسناک ہیں، قومی پریس بھی رہنمائی کرے، سنگین جرائم میں ملوث افراد کو رہا نہیں کیا گیا

پاکستان اور بھارت کو مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ مذاکرات کرنا ہونگے۔ دھمکیوں سے بات نہیں بنے گی۔ عالمی برادری پاکستان کی مجبوریاں دیکھ کر رد عمل ظاہر کرے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 10 پر

کولمبو میں کشمیر پر مذاکرات کیلئے تیار ہوں: نواز شریف کو واجپائی کا خط

نواز شریف با مقصد مذاکرات کیلئے آگے بڑھیں، کشمیر کو بین الاقوامی مسئلہ بنانے سے صورتحال پیچیدہ ہو جائیگی: شملہ میں پریس کانفرنس

مذاکرات شملہ معاہدہ کے تحت ہونے چاہئیں: واجپائی، وزیر اعظم نواز شریف نے خط کا جواب دینے کیلئے ساتھیوں سے صلاح مشورے شروع کر دیئے

بقیہ نمبر 37 صفحہ 10 پر

برآمدی اشیاء کی تیاری میں استعمال ہونیوالے مال کی درآمد پر ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس ختم، سونے کی درآمد پر ڈیوٹی میں کمی

برآمدات میں اضافے کیلئے ترغیبات کا اعلان

15 اشیاء کی برآمد پر پابندی ختم

لوہا اور دوسری دھاتیں، زندہ جانور، غلہ، بڑا اور چھوٹا گوشت، دالوں، جانوروں کی غذا، خام چمڑا اور کھالیں، لکڑی کے ڈبے، اسلحہ و گولہ بارود، نقشے، تیل کے بیج برآمد کرنیکی اجازت ہوگی تاہم برآمدات پر کنٹرول کیلئے ڈیوٹی لگائی جا سکتی ہے

برآمدات کا ہدف ۱۰ ارب، درآمدات کا ۱۰ ارب ۱۸ کروڑ ڈالر مقرر، ایکسپورٹ ری فنانس پر مارک اپ کی شرح میں ۳ فیصد کمی، کوک، نمک، کاسٹک کی برآمد کی اجازت، تجارتی خسارہ آئندہ مالی سال میں ختم کر دیا جائیگا

ملکی مشینری چینی اور پلاسٹک سکریپ کی درآمد پر پابندی، سونے کی درآمد پر ڈیوٹی ایک ڈالر فی تولہ ہوگی، وطن واپسی پر ایک کلو سونا لانے کی اجازت، گریس اور لبریکٹنگ آئل کی درآمد کی اجازت، سٹیٹ بنک چھوٹے پیداواری یونٹوں کو ۵ ارب روپے کے قرض دیگا

بالواسطہ برآمد کنندگان کیلئے نئی سکیم شروع کی جائیگی، ہائیڈز سکن، ویٹ بلیو لیدر کی برآمد پر ۲۰ فیصد برآمدی ڈیوٹی، چاول کی برآمدات بڑھانے کا فیصلہ، جہاز کے کرایوں میں رعایت واپس، ٹیکسٹائل کوٹہ سسٹم ختم

بقیہ نمبر 39 صفحہ 10 پر — بقیہ نمبر 40 صفحہ 10 پر

لیکویڈیشن بورڈ معاشرے پر سیاہ دھبہ ہے، متاثرین کو سننے کیلئے تیار نہیں، قیام کا کیا جواز ہے

کوآپریٹو سکینڈل کیس، سپریم کورٹ نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو طلب کر لیا

عدالت بنکوں کے احکامات نہ ماننے کا حکومتی موقف تسلیم کرنے کو تیار نہیں، ملک پر حکومت بنکوں کی ہے یا کسی اور کی: جسٹس ناصر اسلم زاہد

بیوی کو ہاؤسنگ سکیم بنانے کی اجازت کیوں دی، عدالت کا کوآپریٹو سوسائٹی کے ڈپٹی رجسٹرار سے استفسار، دونوں کی جائیدادوں کی انکوائری اور ضبطی کا حکم

لیکویڈیشن بورڈ کی سخت سرزنش، آٹھ سال سے بیٹھا ہے مگر ادائیگی کوئی نہیں کی، متاثرین کی دو سو سے زائد درخواستوں کی سماعت آج دوبارہ شروع ہوگی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 9 پر

وی آئی پی شخصیات کیلئے ڈیوٹی فری گاڑیاں درآمد کرنے کی اجازت ختم

صدر، وزیر اعظم، گورنروں، وزرائے اعلیٰ اور مسلح افواج کے سربراہوں کو سہولت حاصل تھی، نئی تجارتی پالیسی میں اعلان

احتساب بیورو کی دستاویزات جعلی ہیں، بینظیر کا بیرون ملک اثاثوں سے اعلان لاتعلقی

پاکستان میں اعلان شدہ اثاثوں کو ریفرنس میں متنازعہ نہیں بنایا گیا: ریفرنس کے صفحہ ۷ سے ۴۲ تک جو اثاثے ان سے منسوب کئے گئے ان کے دعویدار فاضل عدالت میں موجود ہیں

بینظیر بیان حلفی دینے کو بھی تیار ہیں: ہائیکورٹ کے ڈویژن بنچ کو اثاثے منجمد کرنے کا اختیار ہی نہیں تھا: عدالت دستاویزات شامل کرنے کی اجازت نہ دے: اعتزاز احسن کے دلائل

ہائیکورٹ کو تھانے میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، عدالت کو گھیرے نے پر بینظیر کی برہمی: گڑبڑ کیلئے لوگوں کو لایا گیا ہے یہ ہمارے ذمے ڈال دی جائیگی: اعتزاز: ہمیں پتہ ہے یہ آپ کے ذمے لگے گی یا ہمارے ذمے: عدالت

لاہور (وقائع نگار خصوصی) سابق وزیر اعظم بینظیر بھٹو نے اپنے خلاف احتساب بیورو کی جانب سے دائر ریفرنس میں درج کئے گئے ان تمام اثاثوں سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا ہے جو

بقیہ نمبر 1 صفحہ 9 پر — بقیہ نمبر 2 صفحہ 9 پر

بینظیر گاڑی میں بیٹھ کر کارکنوں کے ہمراہ ہائیکورٹ کے احاطہ سے باہر آ رہی ہیں

میرا ایمان ہے کالا باغ ڈیم کا زیادہ فائدہ سندھ کو ہوگا: شمس الملک

کالا باغ ڈیم سے سندھ میں سٹوریج اور ڈرینج کے مسائل بھی حل ہو جائیں گے

خریف میں پانی میسر آ سکے گا، کوئی علاقہ ڈوبے گا نہ اراضی بنجر ہوگی

۲۴ لاکھ ایکڑ اراضی سیراب ہوگی، گندم درآمد نہیں کرنا پڑے گی یہ سب سے زیادہ انجینئرڈ منصوبہ ہے

ارکان پارلیمنٹ، سندھ، سرحد کی کابینہ اور ولی خان کو بھی بریفنگ دے چکا ہوں

بقیہ نمبر 45 صفحہ 10 پر

کالا باغ ڈیم سے بجلی سستی ہوگی، سیلاب رکیں گے اور خوشحالی آئیگی: زاہد علی اکبر

سندھ اور سرحد کے خدشات بے بنیاد ہیں

بے بنیاد خدشات ظاہر کر کے دونوں صوبوں کے لوگوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے، ڈیم میں وہ پانی جمع ہوگا جو پنجاب، سندھ اور سرحد میں تباہی پھیلاتا ہے

خشک سالی کے دوران بھی تینوں صوبوں کی اراضی سیراب ہوتی رہے گی، ڈیم نہ بنا تو تھرمل بجلی کیلئے تیل کی خریداری ہمیں قلاش کر دیگی

اپنے وسائل کو اپنی دسترس میں کر کے خود کفالت کی منزل پا سکیں گے، سندھ کی زمینیں بنجر ہونگی نہ نوشہرہ یا مردان ڈوبیں گے اور نہ ہی سیم یا تھور پھیلے گا

کالا باغ ڈیم بیرونی قرضے اتارنے کا ذریعہ بنے گا: انور زاہد، یہ خود کفالت کی منزل کا واحد راستہ ہے: احسن اقبال، تقریب سے خطاب

بقیہ نمبر 42 صفحہ 10 پر

بینظیر نے اے آر وائی گولڈ ریفرنس میں اثاثے منجمد کرنے کو چیلنج کر دیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن اور اپوزیشن لیڈر بینظیر بھٹو نے احتساب ایکٹ کی دفعہ سات کو بنیاد بناتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں

بقیہ نمبر 41 صفحہ 10 پر

ممتاز راٹھور کو گرفتار کر لیا گیا

مظفر آباد (کے پی آئی) پولیس نے گزشتہ شام آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم راجہ ممتاز حسین راٹھور کو قانون ساز اسمبلی کے گیٹ سے اس وقت گرفتار کر لیا جب وہ رکن اسمبلی پیر علی جان شاہ کو لینے کے لئے ہاسٹل کی طرف جا رہے تھے

تارڑ اور نواز شریف الگ الگ پروازوں سے اسلام آباد چلے گئے

وزیر اعظم اور شہباز شریف کے درمیان ملاقات، کراچی کی صورتحال سمیت متعدد امور پر غور

بقیہ نمبر 44 صفحہ 10 پر

ایڈوانی نے واہگہ بارڈر پر پاکستانی سیکٹر کمانڈر کو پھل پیش کئے

امرتسر (کے پی آئی) بھارتی وزیر داخلہ ایل کے ایڈوانی اور اعلیٰ بھارتی حکام نے پاک بھارت سرحد پر واقع واہگہ چیک پوسٹ پر گزشتہ روز بھارت اور پاکستان کے سرحدی محافظوں

بقیہ نمبر 43 صفحہ 10 پر

آندھی کے باعث فوجی ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 2 افسروں سمیت 4 شہید

بقیہ نمبر 54 صفحہ 10 پر

گردونواح کی خبریں

مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ارکان وزیر اعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

فیروزوالا (نامہ نگار) ضلع کونسل کے حلقہ ۸۲ یونین کونسل کوٹ محمود کی نشست کا انتخاب پرامن طور پر مکمل ہو گیا۔ جس میں ملک ذوالفقار علی کامیاب ہو گئے۔ مخالف امیدوار ملک صلاح الدین ناکام رہے ان کا تعلق شرقپور کے ایک بڑے خاندان سے تھا۔ ضلعی انتظامیہ نے پولنگ کو پرامن رکھنے کے لئے کشیدگی والے علاقے میں ایلیٹ فورس تعینات کر رکھی تھی۔ پولنگ صبح ۸ بجے سے ۴ بجے شام تک جاری رہی۔ گرمی کی شدت کے باعث اکثر ووٹر اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کے لئے پولنگ سٹیشنوں پر نہ پہنچے۔

پیپلزپارٹی الیکشن سے فرار کی راہیں تلاش کر رہی ہے: ارشد لودھی

این اے ۱۰۲ کے عوام بیگم محمود اکبر کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر صنعت ارشد خان لودھی نے کہا ہے کہ پیپلزپارٹی این اے ۱۰۲ میں اپنی شکست دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئی ہے۔ اور عوام کا سامنا کرنے کی بجائے الیکشن سے فرار کی راہیں تلاش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این اے ۱۰۲ میں پہلے بھی عوام نے محمود اکبر خان شہید کو واضح برتری سے فتح سے ہمکنار کرایا تھا۔ اب ان کی بیگم کو پہلے سے بھی بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فاروق آباد ورن اور نواح علاقوں میں جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی روایت ہے کہ ہم بیوہ بہنوں کے سر پر چادر ڈالتے ہیں۔ ۲۷ جون کو حلقے کے عوام اپنی بہن کو ووٹوں کی چادر کے سائے میں اسمبلی میں پہنچائیں گے۔

مسلم لیگ عوام میں اپنی ساکھ کھو چکی ہے: مشتاق اعوان

این اے ۱۰۲ کی نشست بچانے کیلئے صوبائی وزراء بھی ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) سابق سینئر صوبائی وزیر اور حلقہ این اے ۱۰۲ سے پیپلزپارٹی کے نامزد امیدوار ملک مشتاق احمد اعوان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ عوام میں اپنی ساکھ کھو چکی ہے۔ جو پارٹی اپنے ورکروں کو تحفظ نہیں دے سکتی۔ اس پارٹی سے اپوزیشن کو کوئی خیر کی امید نہیں رکھنی چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انتخابی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران پارٹی کی طرف سے بلاوجہ پیپلزپارٹی کے ورکروں اور کارکنوں کی گرفتاریوں سے کارکنوں کے حوصلے پست نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ این اے ۱۰۲ کی نشست بچانے کے لئے سرکاری مشینری کے ساتھ ساتھ صوبائی وزراء بھی ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ورکرز اور کارکن حکومت کے دھاندلی کے ہر حربے کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

ضلعی انتظامیہ الیکشن میں فریق بن چکی ہے: ڈاکٹر شفیق

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) حلقہ این اے ۱۰۲ کے آزاد امیدوار ڈاکٹر شفیق چودھری نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ الیکشن میں فریق بن چکی ہے۔ ڈی سی آفس حکومتی پارٹی کے امیدوار کا الیکشن دفتر کا کام کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سٹی مجسٹریٹ حکومتی پارٹی کے امیدوار کے اشتہار اید منسٹریٹر تقسیم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کو الیکشن جتانے کا اگر اتنا ہی شوق ہے تو وہ الیکشن کی بجائے میرے ساتھ ریفرنڈم کروا کے دیکھ لیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ این اے ۱۰۲ کے ضمنی انتخابات فوج کی نگرانی میں کروائے جائیں۔

مسلم لیگ این اے ۱۰۲ کا الیکشن بھاری اکثریت سے جیتے گی۔ چودھری اقبال

شیخوپورہ (نمائندہ نوائے وقت) صوبائی وزیر ایری گیشن چودھری محمد اقبال نے کہا ہے کہ مسلم لیگ نے ملک بنایا اور اب مسلم لیگ نواز شریف کی قیادت میں تعمیر وطن کا سفر شروع کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا مسلم لیگ شیخوپورہ ۱۰۲ کا ضمنی الیکشن بھاری اکثریت سے جیتے گی۔

این اے ۔107 میں مسلم لیگ کی نامزد امیدوار بیگم محمود اکبر خاں کے انتخابی دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر کونسلر شاہجہان لودھی، انجمن تاجران سول کوارٹر روڈ کے سرپرست اعلیٰ شیخ عبدالمجید، لیبر لیڈر شیخ عبدالمجید کشمیری راجہ انوار الحق بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ 27 جون کو شہید محمود اکبر خاں کی فتح کا دن ہو گا۔

طارق محمود اعوان کو ضلعی سب کمیٹی نارووال کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا

نارووال (نامہ نگار) مرکزی خدمت کونسل کینٹ ڈویژن حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق ملک طارق محمود اعوان کو ضلعی سب کمیٹی نارووال کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔

بے نظیر، 46 سال کی عمر میں سٹھیا گئیں

سیاست نامہ — اثر چوہان

لاہور کے ہوائی اڈے پر اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے پیپلزپارٹی کی چیئرپرسن بے نظیر بھٹو نے ایک بار پھر وزیر اعظم نواز شریف پر تنقید کرتے ہوئے زبان دانی کے جوہر دکھائے ہیں۔ فرماتی ہیں "میاں نواز شریف لوہار کے بیٹے ہیں اور میرے باپ دادا کی دولت سے چلتے ہیں" اسی طرح کی زبان دانی کا مظاہرہ سابق نگران وزیر اعظم غلام مصطفیٰ جتوئی نے کیا تھا جب وہ ۱۹۹۰ء کے عام انتخابات کے بعد مقتدر قوتوں کی منت و سماجت کے باوجود باقاعدہ وزیر اعظم بننے میں ناکام رہے تھے۔ جتوئی صاحب نے "سو سنار کی اور ایک لوہار کی" کی ضرب المثل بیان کر کے میاں نواز شریف پر طنز کرنے کی کوشش کی تھی لیکن اس کے ساتھ اس امر کی وضاحت نہیں کی تھی کہ وہ سنار ہیں یا کوئی اور!

پنجاب کے موجودہ وزیر اعلیٰ میاں شہباز شریف نے ایک بار قومی اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے ایوان میں تقریر کرتے ہوئے بڑے فخر سے بیان کیا تھا کہ "میرے عظیم والد نے پانچ سو روپے کے سرمائے سے بھٹی لگا کر اپنے کاروبار کا آغاز کیا تھا" جب کوئی شخص کوئی پیشہ اپنا لیتا ہے تو اس کی قوم کی شناخت اس کے پیشے سے نہیں ہونا چاہئے لیکن ہمارے یہاں انگریز کے کتے نہلا کر اور مادر وطن سے غداری کر کے جاگیریں حاصل

انہیں "قائد عوام" بنا دیا۔

کہا جاتا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کی والدہ کا تعلق ایک خاندان سے تھا۔ چنانچہ پیپلزپارٹی کے میڈیا گروں کی طرف سے یہ بات مشہور کی گئی کہ "بھٹو صاحب کو اپنی والدہ سے بے حد محبت تھی اور اسی محبت کی وجہ سے وہ پاکستان کے سارے غریبوں، مزدوروں، کسانوں اور عام پیشہ وروں سے بھی محبت کرتے ہیں" عام لوگوں نے اس بات کو سچ سمجھ لیا اور بھٹو کے دیوانے ہو گئے۔

جنرل موسیٰ خان گورنر مغربی پاکستان تھے۔ حیدر آباد سندھ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا "ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ تانگے والوں، رکشہ والوں، مزدوروں، لوہاروں اور ترکھانوں کے سوا اور کون ہے؟"...... ذوالفقار علی بھٹو نے جواب دیا...... "تانگے والے، رکشہ والے، مزدور، لوہار اور ترکھان میرے بھائی بند ہیں اور میرا سرمایہ، میں انہی کی خاطر تو انقلاب لانا چاہتا ہوں" بھٹو کی اس گفتگو سے ان کے بھائی بند نہال ہو گئے۔

بھٹو صاحب نے تانگے والوں، رکشہ والوں، مزدوروں، لوہاروں اور ترکھانوں کے خون اور ہڈیوں سے پیپلزپارٹی کی جو عمارت کھڑی کی تھی وہ بیگم نصرت بھٹو کو وراثت میں ملی۔ بیگم صاحبہ نے بے نظیر بھٹو کو اس وراثت میں شریک کر لیا لیکن بیٹی حقیقی معنوں میں ماں کی شریک ثابت ہوئیں ماں کو عاق کر دیا اور پارٹی معاملات میں اپنے شریک حیات آصف علی زرداری کو شریک کر لیا۔ مخالف لوگ زرداری کو بھی بھیڑیں چرانے والوں کی اولاد کہتے ہیں لیکن بھیڑیں چرانے کا پیشہ تو پیغمبرانہ ہے۔

وزیر اعظم نواز شریف کے دور میں جاگیرداروں نے کسانوں کے نام سے حکومت کے خلاف تحریک چلانے کی کوشش کی جو ناکام ہو گئی۔ بے نظیر بھٹو نے اس

غور نہیں کیا کہ ذوالفقار علی بھٹو خود جاگیردار ہے، وہ اپنے طبقے کے خلاف غریبوں کے حق میں انقلاب کیسے لائے گا؟ دراصل جاگیرداری، سرمایہ داری اور استحصال کے خلاف بھٹو کی آواز، پہلی آواز تھی جو زوردار طریقے سے بلند ہوئی۔ غریبوں نے بھٹو کو اپنا مسیحا اور نجات دہندہ سمجھ لیا (خاص طور پر پنجاب کے لوگوں نے) اور

خاندان کے ناجائز اثاثے اور اکاؤنٹس پہلے ہی منجمد کر دیئے گئے ہیں یہی وجہ ہے کہ انہیں نواز شریف کی ذات سے بھی نفرت ہو گئی ہے اور وہ "کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی" کی کیفیت میں مبتلا ہو گئی ہے۔ وہ ۴۶ سال کی عمر میں ہی سٹھیا گئیں اور کچھ غلط بھی نہیں۔ ایسا ہی ہوتا ہے ایسے کاموں میں

قیامت خیز گرمی اور بجلی کی بندش، پھولنگر میں دو معمر افراد دم توڑ گئے

بچوں سمیت درجن سے زائد افراد بے ہوش ہو گئے: بجلی کی بندش کا سلسلہ آٹھ روز سے جاری ہے: لوگوں کا احتجاج

پھولنگر (نامہ نگار) پھولنگر شہر اور نواحی دیہات جمبر کلاں تھے خالصہ سمیانہ کلاں وغیرہ میں قیامت خیز گرمی میں مسلسل 10 گھنٹے بجلی بند ہونے سے دو افراد جاں بحق جبکہ ایک درجن سے زائد افراد کمسن اور بچے بے ہوش ہو گئے۔ بجلی کی بندش کا سلسلہ ۸ روز سے جاری ہے۔ شہر میں سارا سارا دن بجلی بند رہنے سے پھولنگر کے بازار سنسان ہو کر رہ گئے لوگوں نے بجلی کی بندش پر شدید احتجاج کیا ہے۔ نواحی گاؤں جمبر کلاں کا بوڑھا خوشی محمد قیامت خیز گرمی میں جاں بحق ہو گیا۔ جبکہ تھے خالصہ میں ایک اور بوڑھا ولایت علی جو کافی عرصہ سے بیمار تھا گذشتہ رات بے ہوش ہو گیا اسے ابتدائی طبی امداد کیلئے قریبی کلینک لے جایا گیا جہاں وہ ایک گھنٹہ موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد فوت ہو گیا۔ لوگوں نے باران رحمت کیلئے دعائیں کیں۔

ویگن اور تانگے کی ٹکر: خاتون زخمی

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) فاروق آباد میں ویگن اور تانگہ کی ٹکر سے ویگن میں سوار ایک بوڑھی عورت ثریا بی بی شدید زخمی ہو گئی۔ جس کو فوری طبی امداد کے لئے لاہور میو ہسپتال داخل کروا دیا گیا ہے۔ تھانہ سٹی فاروق آباد پولیس نے تانگہ بان رزاق کے خلاف غفلت لاپرواہی کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

سکھیکی چیئرمین شپ، چودھری سرفراز گروپ کو برتری حاصل ہو گئی

پیپلزپارٹی کے حمایت یافتہ تین کونسلروں نے لیگی گروپ کی حمایت کا اعلان کر دیا

سکھیکی (نامہ نگار) ٹاؤن کمیٹی سکھیکی کی چیئرمین شپ کے لئے چودھری سرفراز خان بھٹی ایم پی اے اور چودھری محمد اقبال مانیکا چیئرمین ڈسٹرکٹ بیت المال حافظ آباد کی کوششیں رنگ لے آئیں پیپلزپارٹی کے حمایت یافتہ کونسلروں سلیم پرویز، زاہد حسین شیخ شبیر حسین نے ایم پی اے گروپ جنہیں پاکستان مسلم لیگ کی حمایت حاصل ہے۔ میں آنے کا اعلان کر دیا ہے اس طرح ایم پی اے گروپ کے کونسلروں کی تعداد ۱۲ جبکہ پیپلزپارٹی کے حمایت یافتہ کونسلروں کی تعداد ۔۔ رہ گئی ہے۔

لوکل کال کا دورانیہ پانچ منٹ کر دیا گیا

ترقیاتی سکیموں کی رقوم خورد برد کرنے والے قومی مجرم ہیں: احسن اقبال

سکولوں کی ناقص تعمیر پر ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف کارروائی کی ہدایت

نارووال (نامہ نگار) وزیر اعظم کے پروگرام ۲۰۱۰ کے چیف کوارڈی نیٹر وزیر مملکت چودھری احسن اقبال نے کہا ہے کہ ترقیاتی سکیموں کی رقوم خورد برد کرنے والے قومی مجرم ہیں ان سے ملکی سرمائے کی ایک ایک کا حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات مواضعات فل باجوہ اور داتا گورایہ میں گرلز پرائمری سکولوں کی ... وزیر مملکت کو بتایا کہ ان کا گاؤں ماڈل ویلج سکیم میں شامل کیا گیا تھا۔ اور بقول انکے حکومت پنجاب نے فنڈز جاری کر رکھے تھے۔ جو تقریباً ۱۱ لاکھ روپے تھے لیکن یہ فنڈز سکیم پر خرچ کرنے کی بجائے خرد برد کر دیئے گئے چودھری احسن اقبال نے ضلعی خدمت کمیٹی کے چیئرمین ملک طارق محمود اعوان کو ... کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر نارووال طارق زمان خان اور چیئرمین ضلعی خدمت کمیٹی ملک طارق محمود اعوان بھی تھے۔ انہوں نے مذکورہ سکولوں کی ناقص تعمیر کردہ عمارات کا سختی سے نوٹس لیا اور ذمہ دار سرکاری ملازمین و ٹھیکیداروں کے خلاف فوری طور پر پرچہ درج کرنے کے احکامات جاری کئے اور چیئرمین ضلعی خدمت کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ اس سکیم کا تمام ریکارڈ قبضہ میں لیکر پولیس کے حوالے کر دیں موضع ہل باجوہ کے عوام نے

فاروق آباد (نامہ نگار) مہاراجہ رنجیت سنگھ کی برسی کے سلسلہ میں دو سو بھارتی سکھوں کا ایک جتھہ سردار راجہ سنگھ ممبر شرومنی پربندھک کمیٹی امرتسر کی قیادت میں گوردوارہ سچا سودا فاروق آباد پہنچا۔ جس کا استقبال اے ایس پی صدر سرکل، اے سی سٹی مجسٹریٹ محکمہ مال کے متعلقہ چھوٹے بڑے اہلکاروں نے کیا۔ سخت حفاظتی انتظامات کے لئے ایلیٹ فورس ... حکومت اور عوام نے جس والہانہ انداز میں ہمارا استقبال کیا ہے ہم انکے شکر گزار ہیں۔ گردواروں کی دیکھ بھال تو اس طرح بھارت میں بھی نہیں کی جاتی۔ ایٹمی دھماکوں کی وجہ سے بھارتی عوام میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے اور پاکستان کا ایٹمی طاقت بن جانا بھارتی حکمرانوں کے لئے تازیانہ ہے تاہم دونوں ملک کے عوام امن چاہتے ہیں انہوں نے محکمہ صحت کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

کرپٹ عناصر کا سختی سے محاسبہ کریں گے: رائے منصب علی

عمران اشرف کی طرف سے دیئے گئے عشائیہ میں خطاب محمد علی اور عمران ریاض نے بھی شرکت کی

شرقپور (نامہ نگار) خدمت کمیٹیاں کرپٹ عناصر کا سختی سے محاسبہ کریں گی یہ بات خدمت کمیٹی لاہور ڈویژن کے چیئرمین رائے منصب علی خان نے گذشتہ روز شرقپور شریف میں نو منتخب کونسلر بلدیہ شرقپور میاں عمران علی اشرف کی طرف سے دیئے گئے۔ عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید کہا خدمت کمیٹیاں چھوٹی سطح سے لیکر ہر بڑی سطح تک نہ صرف سرکاری افسران کا محاسبہ کریں گی بلکہ عوام کو ریلیف دلوانے کے لئے بھرپور کردار ادا کریں گی۔ میاں عمران علی اشرف کونسلر کی طرف سے دیئے گئے عشائیے میں ایم این اے رائے منصب علی، ایم پی اے شاہد منظور گل، سابق ایم پی اے حاجی افتخار احمد بھٹو ملک حسین علی نور کا۔ پاسبان کے چیئرمین محمد علی درانی عمران ریاض تارگ میاں ذوالفقار علی مونگہ کے علاوہ بلاشبہ شرقپور کے نو منتخب بارہ کونسلر قاضی عبداللہ قاضی عارف، شیخ منظور احمد چودھری برکت ملک منظور ملک منیر اور دیگر کونسلرز نے شرکت کی۔

بلوں کی عدم ادائیگی پر بچیانہ میں ۱۱ ٹیلی فون کنکشن منقطع کر دیئے گئے

بچیانہ (نامہ نگار) محکمہ ٹیلی مواصلات فیصل آباد سے بچیانہ ڈیجیٹل ایکسچینج سے منسلک گیارہ نادہندگان ٹیلی فون کے بلوں کی عدم ادائیگی کے باعث ۱۱ ٹیلی فون کنکشن عارضی طور پر بند کئے گئے ہیں۔

سراج دین رحمانی انتقال کر گئے

جنڈیالہ شیر خان (نامہ نگار) مقامی صحافی لیاقت علی میر کے پھوپھا سراج دین رحمانی دل کا دورہ پڑنے سے گذشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم کو شیش محل قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

قصبہ گنگاپور کے شہری پانی کی بوند کو ترس گئے

عدم ادائیگی پر واپڈا نے واٹر سپلائی سکیم کے ٹیوب ویل کا کنکشن کاٹ دیا

بچیانہ (نامہ نگار) بجلی کے بل کی عدم ادائیگی کے باعث واٹر سپلائی سکیم کے ٹیوب ویل کا کنکشن منقطع کر دیا گیا۔ جس سے پورا قصبہ دو روز سے پینے کے پانی سے محروم ہے۔ بتایا گیا ہے کہ بچیانہ منڈی کے نواحی قصبہ گنگاپور میں واٹر سپلائی سکیم کے تحت سرکاری ٹیوب ویلوں کا محکمہ صحت واٹر سپلائی سکیم فیصل آباد کی طرف سے ہزاروں روپے بجلی کا بل ادا نہ کرنے کے باعث واپڈا نے برقی رو سے کنکشن کاٹ دیئے۔ جس سے پورا قصبہ پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس گیا ہے۔ تیس ہزار نفوس پر مشتمل قصبہ گنگاپور کے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے سخت حبس اور گرمی کے دوران واٹر سپلائی سکیم کے بجلی کے کنکشن کو منقطع کرنے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واٹر سپلائی سکیم کے تحت ٹیوب ویلوں کو چالو کر کے لوگوں کو پینے کے پانی کی سہولت فراہم کی جائے۔

ترتیب وار اشتہارات

جملہ اشتہارات نیک نیتی سے ... کے تحت شائع کئے جاتے ہیں ... کسی اشتہار کے نتائج و عواقب کی ذمہ داری ہماری نہیں (ادارہ)

تلاش گمشدہ

میری بیمہ پالیسی سند نمبر 8-5088802848 گم ہو گئی ہے کسی کو ملے رابطہ کرے اسلم مسیح ولد منور مسیح 377/EB ڈاکخانہ ... تحصیل بورے والا ڈسٹرکٹ وہاڑی (CM.22832/L)

ٹویوٹا ہائی ایس VRA 1035 ماڈل 1983ء چیسز نمبر LN40.219098 انجن نمبر 0764602 کا ٹرانسفر لیٹر اوپن جس پر محمد اقبال ولد لیاقت علی کے دستخط تھے کہیں کھو گیا ملنے پر پہنچا دیں ملک ادریس خان 45/ سی- تھوڑ چناب بلاک اقبال ٹاؤن لاہور (21020)

FOR RENT

House newly constructed 5 bedrooms, central security, 2 lounges, teraces, 94-F-Model Town for foreigners. Pl. Contact Mr Azam 5835594-7578212-854573.

ضرورت پلاٹ لاہور ڈیفنس کراچی

ڈیفنس کراچی فیز 8، 7 '100، '200، '300، '500، '1000، 2000 گز رہائشی کمرشل پلاٹس نیز ڈیفنس لاہور EME سوسائٹی بہتر آفر کی گارنٹی چودھری اصغر 891028/ 5730231 (495/c)

عاق نامہ

بیٹے ذوالفقار علی شاہ کو بوجہ نافرمانی اپنی جائیداد سے عاق کر دیا اس کے کسی قول فعل کا ذمہ دار نہیں سید جماعت علی شاہ چک 69 شمالی دھریمہ سرگودھا (MO/1076/L)

پسرم فاروق احمد کو بوجہ نافرمانی اپنی جائیداد منقولہ و غیر منقولہ سے عاق کرتا ہوں آئندہ اس کے قول و فعل کا ذمہ دار نہ ہوں گا عبدالرحمان ولد شہاب دین جٹ بستی غلام آباد قصور (CM22835)

جائیداد برائے فروخت

رقبہ تقریباً 8 تا 7 ایکڑ جو محلہ اراضی یعقوب ایمن آباد روڈ نزد پل ایک سیالکوٹ شہر پر واقع ہے خواہش مند حضرات فون نمبر 594714، 551370 (ابو بکر حسین عبدالحق) 051-555523 (چودھری منیر احمد) اور 051-507332، 021-5877260 (میاں محمد ارشد) سے رجوع فرمائیں (CM31934/L)

اطلاع عام

یہ کہ میرے موکلان نے ایک قطعہ کوٹھی نمبری 166 احمد بلاک و موسومہ 168 احمد بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور خرید کرنے کی بابت مسمات فرزانہ اکبر زوجہ شیخ محمد اکبر دختر فضل حسین سکنہ نمبر 166 موسومہ 168 ...

ٹیلیفونک دوستی

2000 خوبصورت فرینڈز سے ٹیلیفون پر گفتگو میل جول قلمی دوستی کیلئے ٹیلیفونک قلمی باتصویر رنگین میگزین ہیلو فرینڈز VP منگوائیں پوسٹ بکس 2105 کراچی موبائل لاہور (0300243280) (CM22536/C)

ضرورت فنکار

کورٹ نوٹس

بقیہ 5: ڈیم کی حمایت

ہے، ہمارا کام قومی اتفاق رائے سے اس منصوبہ کی تکمیل کرنا ہے۔

راولپنڈی میں کل ۶۳۰ خواتین و حضرات سے رائے طلب کی گئی۔ گیارہ جون کو وزیراعظم کے قوم سے خطاب کے فوراً بعد کئے گئے عوامی سروے کے نتائج کے مطابق ۳۴۵ افراد نے ڈیم کی تعمیر شروع کرنے کی حمایت کی اور کہا کہ زراعت کی ترقی اور بجلی پیدا کرنے کیلئے کالاباغ ڈیم ناگزیر ہے۔ دو سو چالیس افراد نے رائے دی کہ ڈیم کی تعمیر ضروری ہے مگر پہلے صوبوں کو اعتماد میں لیا جانا چاہئے۔ پندرہ افراد نے ڈیم کی مخالفت کی جبکہ تیس رائے دہندگان نے ڈیم کی تعمیر کے اعلان کو وزیراعظم نواز شریف کا سیاسی نعرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا مقصد پوائنٹ سکور کرنا ہے۔ رائے دہندگان کا تعلق مختلف آمدن کے طبقات سے تھا۔ سروے کے دوران کراچی میں ۱۰۳، راولپنڈی اسلام آباد میں ۱۱۰، پشاور میں ۷۰، لاہور میں ۱۰۴، کوئٹہ میں ۴۴ اور ملتان میں ۱۳۲ افراد سے رائے لی گئی۔ سروے میں غلطی کا تناسب سات فیصد رکھا گیا۔ سروے کے دوران دلچسپ معلومات حاصل ہوئیں۔ اکثریت کو کالاباغ ڈیم کے صحیح مقام کا علم ہی نہیں۔ ۳۶ فیصد نے رائے دی کہ حکومت ریڈیو، ٹیلیویژن اور اخبارات کے ذریعے ڈیم کے فوائد و دیگر تفصیلات سے قوم کو آگاہ کرے۔ میڈیا لائن کو حاصل ہونیوالی تجاویز میں رائے دہندگان نے کہا کہ حکومت فوری طور پر سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے۔

بقیہ 6: کالاباغ/ رونقیں

تعیناتی کی جا رہی ہے۔ ماہرین کی کئی ٹیمیں اچانک ڈیم کے مقامات کا دورہ کر رہی ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق کالاباغ کی تباہ شدہ کالونیوں، بنگلوں، ریسٹ ہاؤس اور دیگر وہاں پر موجود قیمتی مشینری کی دیکھ بھال کیلئے کئی افراد کے آنے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ کئی ماہرین وہاں تفصیلی دورہ بھی کر چکے ہیں اور کئی ماہرین ویڈیو فلمیں اور فوٹو بھی اتار کر ساتھ لے گئے ہیں۔ کالاباغ ڈیم پر موجود تنصیب کی دیکھ بھال کیلئے سیکورٹی میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ لوگوں کے مطابق ڈیم کی تعمیر کیلئے کئی ...

بقیہ 7: ووٹ

بقیہ 8: ظہرانہ

بقیہ 9: شیخ رشید

بقیہ 10: آموں کے تبادلے

بقیہ 11: اشیاء

بقیہ 12: سیف الرحمان/ نوٹس

بقیہ 13: توہین رسالت

بقیہ 14: بینظیر

بقیہ 15: زرداری

بقیہ 16: فائرنگ

بقیہ 17: زرداری

بقیہ 18: فنڈ

بقیہ 19: ارکان اسمبلی

بقیہ 20: تعلیمی نصاب

بقیہ 21: مسلم کمرشل بنک اعلیٰ

بقیہ 22: غیر معیاری ادویات

بقیہ 23: صنعتی صارفین

بقیہ 24: گرمی

بقیہ 25: پارلیمانی پارٹی

بقیہ 26: بہنے والا چوہا

بقیہ 27: جمالی

بقیہ 28: موسم

بقیہ 29: عباس اطہر/ ڈکیتی

بقیہ 30: مذاکرہ

بقیہ 31: ہائیکورٹ/ سزا

بقیہ 32: مہتاب عباسی

بقیہ 33: اجمل خٹک

بقیہ 34: تجارتی پالیسی/ ردعمل

بقیہ 35: ٹائیگر ریپڈ ائیٹ

جماعت اہلسنت جڑانوالہ کے انتخابات

بصیر پور میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

نامہ نگار سے

٭ نامعلوم افراد ہاؤسنگ کالونی ننکانہ صاحب کے ظہور احمد کے گھر سے ہزاروں روپے مالیت کے ریشمی پارچات قیمتی برتن اور لائسنسی بندوق چرا کر لے گئے

٭ حاجی تعظیم حسین صدر ایم این اے شاہد منصور گل ایم پی اے، چودھری محمد اسلم ممبر ضلع کونسل شیخوپورہ چودھری محمد اشرف گجر ممبر خدمت کمیٹی تحصیل ننکانہ، عبدالمجید کونسلر چودھری شفیق احمد کونسلر، چودھری نعیم احمد اور نصیب الٰہی گجر نے ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ کے نومنتخب رکن چودھری محمد صدیق گجر کو مبارکباد کا پیغام بھجا ہے۔

٭ وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر ایگزیکٹو مجسٹریٹ چودھری سعید احمد نے سب ڈویژن کے باقیداروں سے چونتیس لاکھ روپے مالیہ سرکار کی رقم وصول کر لی ہے۔ جبکہ درجنوں نادہندگان کو مالیہ سرکار کی ادائیگی نہ کرنے پر حوالات میں بند کر دیا ہے۔

٭ اسسٹنٹ کمشنر ملک مسعود احمد نے فرائض سے غفلت برتنے پر اور سرکاری رقم میں خرد برد کرنے پر محکمہ مال کے پٹواری محمد انور نہری پٹواری منور احمد جبکہ دو نائب قاصدوں اکرام شاہ اور جمیل کو پکڑ کر حوالات میں بند کر دیا ہے۔

وزیراعظم کے قومی ایجنڈے کا پوری قوم نے خیر مقدم کیا ہے: برجیس طاہر

سانگلہ ہل (نامہ نگار) وزارت مواصلات کی سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی کے رکن چودھری محمد برجیس طاہر نے وزیراعظم میاں نواز شریف کے قومی ایجنڈے کو ملک کی ترقی و خوشحالی اور عوام کی آسودگی کی طرف ٹھوس قدم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایٹمی دھماکوں کے بعد پوری قوم نے قومی ایجنڈے سے بھی والہانہ خیر مقدم کیا ہے تاہم بعض مفاد پرست اور جاگیردار سیاست دانوں کے چہرے لٹک گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے ۱۹۴۸ء میں ہی کسی دباؤ اور مصلحت کی پیروی نہ کرتے ہوئے تمام ریاستیں اور جاگیریں ختم کر دی تھیں۔ ہمارے ملک میں بظاہر دو مرتبہ زرعی اصلاحات نافذ کی گئیں لیکن جاگیردار حکمرانوں نے ان پر عمل درآمد نہ ہونے دیا اور اب اصلاحات کے تحت مجبوراً دی گئی اراضی کو کسی نہ کسی طرح دوبارہ اپنے قبضہ میں کر لیا تھا۔ برجیس طاہر نے کہا کہ کالاباغ ڈیم کی تعمیر سے چاروں صوبوں کو فائدہ پہنچے گا۔ وزیراعظم نے بجا طور پر اسے پاکستان ڈیم قرار دیا ہے کیونکہ اس سے پورے پاکستان کی خوشحالی و ترقی وابستہ ہے۔ وہ یہاں اپنے رابطہ دفتر میں مسلم لیگی کارکنوں اور شہریوں سے خطاب کر رہے تھے۔

تحریک عروج اسلام کا قیام

مانگا منڈی (نامہ نگار) مانگا قلعہ تمولی میں تحریک عروج اسلام کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں مندرجہ ذیل عہدیداروں کا چناؤ کیا گیا۔ صدر عبدالغفار گوبری، نائب صدر اشفاق انجم، جنرل سیکرٹری فیض عالم آسی، خازن محمد سلیم تبسم، سرپرست حکیم جاوید اقبال نوشاہی جبکہ دیگر عہدیداروں میں لیاقت علی، قاری محمد انور، محمد ابراہیم قادری، فلک شیر، محمد رمضان، نصیر احمد، رفاقت علی اور مراد حسین شامل ہیں۔

نادہندگان ملکی خزانے سے لئے گئے قرضے جلد از جلد واپس کر دیں: یٰسین فرخ

قصور (نامہ نگار) عوامی فلاحی کمیٹی قصور کے جنرل سیکرٹری ایم یٰسین فرخ کمبوہ ایڈووکیٹ نے وزیراعظم کے قومی ایجنڈے اور خود انحصاری کی پالیسی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب بڑے بڑے سرمایہ دار، صنعت کاروں اور عہدیداروں کا فرض بنتا ہے کہ ان کی تقلید کرتے ہوئے اپنی اپنی بساط کے مطابق ملک و قوم کی خاطر قربانیاں پیش کریں کیونکہ ان کا مال و دولت صرف پاکستان کی وجہ سے ہے اور اب پاکستان ان سے قربانیاں مانگ رہا ہے۔ انہوں نے نادہندگان سے بھی اپیل کی کہ ملکی خزانے سے لئے گئے قرضے جلد از جلد واپس کریں ... سرخرو ہو سکے۔ انہوں نے آخر میں پاکستانی سائنس دانوں کو بھی زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں ضلع حافظ آباد کے رقبہ میں توسیع کی جائے

حافظ آباد (نامہ نگار) ضلع حافظ آباد کے عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے وزیراعظم پاکستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ ضلع حافظ آباد کے رقبہ میں توسیع کے اپنے وعدہ کو پورا کریں اور ضلع کی حدود میں اضافہ کے لئے صوبائی حکومت کو احکامات جاری کئے جائیں عوامی سیاسی سماجی حلقوں نے چھ اضلاع کو ختم کرنے کی خبر کی شدید مذمت کرتے ہوئے ایسی من گھڑت بے بنیاد خبریں پھیلانے والے افراد کی بھی مذمت کی ہے۔

تعزیت کا اظہار

حافظ آباد (نامہ نگار) ضلع حافظ آباد کی سرکردہ سیاسی سماجی شخصیتوں افضل حسین قائد ایم این اے پیر عارف حسین شاہ ایم پی اے، انتصار حسین بھٹی، سرفراز احمد بھٹی ایم پیارے ممتاز حسین تارڑ ممبر ضلع کونسل، پریس کلب حافظ آباد کے سرپرست اعلیٰ میاں حبیب اللہ شاہین، فتح آبادی ڈسٹرکٹ پریس کلب کے چیئرمین خالد محمود تہامی ایڈووکیٹ چیئرمین سٹی پریس کلب شیخ محمد نفیس، جنرل سیکرٹری ظہیر اکبر مرزا، عوامی ...

بقیہ 4: شہباز شریف

کالاباغ ڈیم ضرور بنے گا قومی اتفاق رائے حاصل کر لیں گے شہباز شریف

سب کی شکایات اور خدشات دور کریں گے، یہ پنجاب کا نہیں پاکستان کا ڈیم ہے، اس سے یکجہتی مضبوط ہوگی، ملک ترقی کرے گا

اپوزیشن کنفیوژن پھیلاتی رہے ہمارا کام ڈیم بنانا ہے، بجٹ میں پسماندہ علاقوں کو نظرانداز کرنے کا ذمہ دار محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ہے

حکومت نے ترقی کیلئے دو ارب کی رقم مختص کی، سکیموں کی نشاندہی نہ ہونے پر اراکین میں ردعمل پیدا ہوا: ارکان اسمبلی سے بات چیت

لاہور (خبر نگار خصوصی) وزیراعلیٰ شہباز شریف نے بجٹ میں پسماندہ علاقوں کو نظرانداز کرنے کی ذمہ داری محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پر عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے اس ضمن میں ۲ ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی ہے لیکن سکیموں کی نشاندہی نہیں کی جا سکی جسکی وجہ سے اراکین اسمبلی میں ردعمل پیدا ہوا ہے۔ حکومت کا عزم ہے کہ پسماندہ علاقوں میں فلاحی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور کسی سے زیادتی نہیں ہوگی۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اسمبلی

بقیہ نمبر4 صفحہ 11 پر

ہائیکورٹ میں مقدمہ کی مدعی پارٹی کی فائرنگ مخالفین کا ایک شخص مارا گیا

فریقین فیصل آباد سے پیشی بھگتنے آئے تھے' فائرنگ سے عدالت میں بھگدڑ مچ گئی' پولیس نے دونوں پارٹیوں کے دو دو افراد کو پکڑ لیا

فائرنگ کے وقت سابق وزیراعظم مسز بینظیر بھٹو بھی ہائیکورٹ میں موجود تھیں اور سیکورٹی کا سخت انتظام کیا گیا تھا

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور ہائیکورٹ میں سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو کی پیشی کے دوران ٹرنر روڈ پر واقع گیٹ پر فیصل آباد کے ایک مقدمہ کی مدعی پارٹی نے اندھا دھند فائرنگ کرکے ملزم پارٹی کے ایک شخص چودھری بشیر کو ہلاک اور چودھری صادق کو زخمی کر دیا۔ فائرنگ سے زبردست خوف و

بقیہ نمبر16 صفحہ 11 پر

بینظیر نے مزار داتا گنج بخش پر خصوصی دعائیں کیں

لاہور (وقائع نگار خصوصی) سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو صوبائی دارالحکومت میں ایک روز قیام کے بعد پیر کی شام یہاں

بقیہ نمبر14 صفحہ 11 پر

بینظیر ڈرنے والی نہیں: اسے کوئی گرفتار نہیں کر سکتا: زرداری

حکمران سمجھتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کو خوفزدہ کر لیں گے تو وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں

کالاباغ ڈیم کا حامی ہوں لیکن یہ قومی مفاد کے بعد آتا ہے، اتفاق رائے بہتر حل ہے

راولپنڈی (کے پی آئی) قائد حزب اختلاف بے نظیر بھٹو کے اسیر شوہر سینیٹر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ یکطرفہ احتساب نہ تو مجھے جھکا سکتا ہے اور نہ ہی خوفزدہ کر سکتا ہے۔ احتساب الرحمان کی تمام ترکوششوں اور حکومتی وسائل کے بے دریغ استعمال کے باوجود بھی میرے خلاف 19 ماہ میں کوئی ایک

بقیہ نمبر17 صفحہ 11 پر

بیماری کے سبب ورزش نہیں کر سکتا، صرف سورہ یٰسین پڑھتا ہوں: زرداری

راولپنڈی (نمائندہ نوائے وقت) ہاتھوں میں سیاہ رنگ کی لاٹھی اور سفید شلوار قمیض میں ملبوس سابق وزیراعظم کے

بقیہ نمبر15 صفحہ 11 پر

دوسری جنگ عظیم کے دوران یوکرین میں ہلاک ہونے والے روسی فوجیوں کی باقیات تلاش کی جا رہی ہیں

پگاڑو' نصراللہ' جتوئی کی طرف سے سیاستدانوں کو آموں کے تحفے

کراچی (نامہ نگار خصوصی) سیاستدانوں نے آموں کے تبادلے شروع کر دیئے ہیں۔ پیر پگاڑو' نوابزادہ نصراللہ خان' غلام مصطفی جتوئی' سید خادم علی شاہ' حاجی غلام رسول جیلانی کی

بقیہ نمبر10 صفحہ 11 پر

دودھ سگریٹ سمیت اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے رواں مالی سال 1998-99ء کے بجٹ میں بظاہر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا۔ اسکے باوجود دکانداروں نے دودھ، سگریٹ سمیت تمام اشیائے صرف

بقیہ نمبر11 صفحہ 11 پر

وزرائے اعلیٰ اور وزیروں نے رویہ نہ بدلا تو گھیراؤ کریں گے حکومتی ارکان

ہم صرف کورم پورا کرنے کیلئے رہ گئے ہیں

اہم قومی امور اور پالیسی سازی پر بھی اعتماد میں نہیں لیا جاتا' اپنے آپکو حکومت سے الگ تھلگ سمجھنے پر مجبور ہو گئے ہیں

سینٹ کے وزرا کو الیکشن لڑایا جائے تاکہ انہیں آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو سکے' رویہ ٹھیک کرایا جائے اور ترقیاتی فنڈز دلوائے جائیں

بی این پی نے نواز شریف کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی' بعض ارکان کی امن و امان کے حوالے سے ایم کیو ایم پر زبردست تنقید' متحدہ کے ارکان کا احتجاج

اسلام آباد (نمائندہ نوائے وقت) پاکستان مسلم لیگ اور حلیف جماعتوں کے ارکان پر مشتمل پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں ارکان نے وفاقی وزرا اور وزرائے اعلیٰ کے عدم تعاون اور نوٹس پر شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حکومتی عہدیداروں کو اپنا رویہ تبدیل کرنے پر مجبور کریں۔ بصورت دیگر ارکان ان وزرا کا گھیراؤ کریں گے۔ باخبر ذرائع کے مطابق پیر کی شام قومی اسمبلی کے اجلاس سے قبل پارلیمانی پارٹی کا اجلاس شروع ہوا تو اس اجلاس میں شریک

بقیہ نمبر25 صفحہ 11 پر

بینظیر کی درخواست پر احتساب بنچ کا سیف الرحمان کو نوٹس

سیف الرحمان نے بینظیر کے اثاثے منجمد کرنے کا اعلان کر کے توہین عدالت کی ہے: اعتزاز احسن کے دلائل

لاہور (وقائع نگار خصوصی) لاہور ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس احسان الحق چودھری اور مسٹر جسٹس سعید الرحمان فرخ پر مشتمل احتساب بنچ نے احتساب بیورو کے سربراہ سینیٹر سیف الرحمان کے خلاف سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کی توہین عدالت کی ایک درخواست کی سماعت کے بعد سینیٹر سیف الرحمان کو نوٹس جاری کر

بقیہ نمبر12 صفحہ 11 پر

توہین رسالت قانون کا مقصد تمام انبیا کی عظمت کا تحفظ ہے

احتجاج قابل مذمت ہے ان قوانین کی وجہ سے فسادات کا خدشہ ختم ہو جاتا ہے: مجلس تحفظ ختم نبوت

لاہور (پ ر) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں مولانا خواجہ خان محمد' مولانا محمد یوسف لدھیانوی' مولانا مسرور الرحمن جالندھری' مولانا اللہ وسایا' جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمن' حافظ حسین احمد' مولانا عبدالغفور حیدری' مولانا محمد اجمل خان' مولانا محمد خان شیرانی' مولانا محمد عبداللہ' جمعیت

بقیہ نمبر13 صفحہ 11 پر

غیر معیاری زرعی ادویات کی درآمد سے کاشتکاروں کے مسائل بڑھ گئے

متعلقہ محکمہ ضروری تحقیقات کے بغیر ہی این او سی جاری کر رہا ہے: وزیراعظم نوٹس لے لیا

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) ملک میں غیر معیاری زرعی ادویات کی درآمد میں اضافہ سے پنجاب اور دیگر علاقوں کی فصلوں کی پیداوار میں کمی اور کاشتکاروں کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ ادویات زیادہ تر بھارت اور دبئی کے راستے پاکستان پہنچ رہی ہیں جنہیں پنجاب کا متعلقہ محکمہ ضروری تحقیقات کے

بقیہ نمبر22 صفحہ 11 پر

گیس کے صنعتی صارفین کی پکڑ دھکڑ بند نہ ہوئی تو انڈسٹری بند ہو جائیگی

واجبات کے نام پر لوٹ مار ہو رہی ہے۔ ٹاؤن شپ انڈسٹریز اور اپیاف کے عہدیداروں کی پریس کانفرنس

لاہور (کامرس رپورٹر) ٹاؤن شپ کے صنعتی صارفین نے ناردرن سوئی گیس پر واجبات کی وصولی کے نام پر لوٹ مار کا الزام لگاتے ہوئے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر متنازعہ بلوں کے نام پر یہ لوٹ مار اور صنعتی صارفین کی پکڑ دھکڑ بند نہ ہوئی تو انڈسٹری بند ہو جائیگی۔ ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے

بقیہ نمبر23 صفحہ 11 پر

ہائیکورٹ سے قتل کے ایک ملزم کو 10 سال سزا' دوسرا بری

چکوال کے ملزم رؤف اور منظور نے زمین کے تنازعہ پر کفایت کو قتل کر دیا تھا

قبضہ روکنے کیلئے مجبوراً فائرنگ کرنا پڑی: ملزموں کے وکلاء آفتاب فرخ' حفیظ اللہ کے دلائل

لاہور (وقائع نگار) لاہور ہائیکورٹ کے ڈویژن بنچ نے چکوال کے ایک شخص کفایت علی کے مقدمہ قتل میں ملوث

بقیہ نمبر31 صفحہ 11 پر

ارکان قومی اسمبلی کیلئے 3 ارب روپے کا ترقیاتی فنڈ منظور

نئے مالی سال سے عمل ہوگا، تمام ارکان کو مساوی رقم ملے گی، اچھی کارکردگی پر رقم بڑھا دی جائے گی: نواز شریف

اسلام آباد (نمائندہ نوائے وقت) وزیراعظم محمد نواز شریف نے ارکان قومی اسمبلی کیلئے تین ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز کی منظوری دیدی ہے جس پر نئے مالی سال میں عملدرآمد ہوگا۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ اور حلیف جماعتوں کے

بقیہ نمبر18 صفحہ 11 پر

مسلم لیگی ارکان قومی اسمبلی طاہر رشید' حاجی محمد بوٹا اور پنجاب اسمبلی کے ارکان رانا نور حسین اور احسان الدین قریشی ایوان وقت میں

مسلم کمرشل بنک کی طرف سے خود انحصاری فنڈ میں 5 لاکھ کا عطیہ

لاہور (کامرس رپورٹر) وزیراعظم پاکستان نواز شریف کے قائم کردہ خود انحصاری فنڈ کیلئے مسلم کمرشل بنک نے ۵ لاکھ

بقیہ نمبر21 صفحہ 11 پر

جاگیرداری ختم کرنے اور کالاباغ ڈیم کے اعلان سے جنوبی پنجاب کے کروڑوں کاشتکار خوش ہوئے

لغاری کی جماعت شاید ٹانگہ پارٹی بھی نہ بن سکے: ارکان اسمبلی

سرائیکی صوبے کے نعرہ بازوں کی جنوبی پنجاب میں کوئی حیثیت نہیں۔ کالاباغ ڈیم کی افادیت مسلمہ ہے

پسماندگی کی ذمہ دار جاگیردار قیادت ہے جس نے اپنے مفادات کے تحفظ کے سوا کچھ نہیں کیا

حکومتی اقدامات سے سبز انقلاب آئیگا۔ ایوان وقت میں طاہر رشید' بوٹا' نور حسن اور احسان کا اظہار خیال

لاہور (خصوصی رپورٹر) "وزیراعظم کی طرف سے کالاباغ ڈیم کی تعمیر اور جاگیرداری کے خاتمے کا اعلان جنوبی پنجاب کے کروڑوں کاشتکاروں کیلئے مسرت و اطمینان کا باعث بنا ہے۔ فاروق لغاری کی پارٹی کا مستقبل' ان کے اپنے علاقے میں بھی تاریک ہے۔ یہ شاید "تانگہ پارٹی" بھی نہ بن سکے۔ انہوں نے

بقیہ نمبر19 صفحہ 11 پر

پنجاب میں گندم کی نقل و حرکت پر عائد پابندی ختم

لاہور (اپنے رپورٹر سے) پنجاب حکومت نے صوبے میں گندم کی نقل و حرکت پر عائد پابندی ختم کر دی ہے۔ اس سلسلے میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ بھی واپس لے لیا گیا ہے۔ اب گندم کو ایک سے دوسرے ضلع میں لیجایا جا سکے گا۔ حکومت نے یہ فیصلہ گندم کی خرید کا ہدف پورا ہونے کے بعد کیا ہے۔

میڈیکل کا تعلیمی نصاب تبدیل کرنیکا فیصلہ

لاہور (اپنے رپورٹر سے) پنجاب حکومت نے میڈیکل کالجوں میں داخلے کا طریق کار تبدیل کرنے کے بعد میڈیکل کا

بقیہ نمبر20 صفحہ 11 پر

92 فیصد عوام نے کالاباغ ڈیم کی حمایت کر دی

ملکی ترقی کیلئے ڈیم ناگزیر ہے' صوبوں کو اعتماد میں لیا جائے: بڑے شہروں میں سروے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے ۹۲ فیصد افراد کالاباغ ڈیم کی تعمیر کے حق میں ہیں جبکہ ۸ فیصد کی رائے ہے کہ ڈیم کی تعمیر سے قبل صوبوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ میڈیا لائن کے سائنسی بنیادوں پر کئے گئے ایک سروے کے مطابق ملک بھر کے سات بڑے شہروں کراچی' لاہور' اسلام آباد' کوئٹہ' پشاور' ملتان اور

بقیہ نمبر5 صفحہ 11 پر

کالاباغ ڈیم قومی ضرورت ہے

کالاباغ ڈیم نامنظور

دوسرا منصوبہ شروع کریں

سہیل بودھا

"بے نظیر پارٹی"

کالاباغ ڈیم نہ بنا تو ملک صومالیہ بن جائیگا

ملک میں دو بڑے اور 20 چھوٹے ڈیمز بنانے کی گنجائش موجود ہے

2020ء تک زراعت کیلئے 29 ملین ایکڑ فٹ پانی درکار ہوگا: ٹی وی مذاکرہ

اسلام آباد (ریڈیو مانیٹرنگ) پاکستان میں بڑے ڈیم بنانے کیلئے دو مقام ہیں جبکہ چھوٹے ڈیم بنانے کیلئے ۲۰ یا اس سے بھی زیادہ مقامات موجود ہیں لیکن کالاباغ ڈیم بنانا گھاٹے کا سودا نہیں ہے۔

بقیہ نمبر30 صفحہ 11 پر

کالاباغ ڈیم کیخلاف جئے سندھ کا مظاہرہ

کراچی (نامہ نگار خصوصی) جئے سندھ محاذ کے زیراہتمام کالاباغ ڈیم کی تعمیر کے اعلان کیخلاف پیر کو کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین کالاباغ ڈیم نامنظور' پنجاب کی بالادستی نامنظور کے نعرے لگا رہے تھے۔

مشاہد حسین کا صحافیوں کو ظہرانہ کالاباغ ڈیم پر گفتگو

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و ذرائع ابلاغ مشاہد حسین سید نے پیر کے روز اخبارات کے ایڈیٹروں کے

بقیہ نمبر53 صفحہ 10 پر

جمہوری روایات اور قومی مفادات پر سودے بازی نہیں کریں گے

کالاباغ ڈیم کیلئے قومی اتفاق رائے پیدا ہو جائے گا: شیخ رشید احمد

اسلام آباد (کے پی آئی) محنت افرادی قوت و سمندر پار پاکستانیوں کے امور کے وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ مسلم لیگ حکومت جمہوری روایات اور قومی اہمیت کے معاملات

بقیہ نمبر9 صفحہ 11 پر

وٹو نے بھی کالاباغ ڈیم اور زرعی اصلاحات کی حمایت کر دی

پاکستان کو محتاجی اور صومالیہ بننے سے بچانا ہے تو ڈیم کی تعمیر کے سوا کوئی چارہ نہیں

وزیراعظم نے اعلان عجلت میں کیا' معظم وٹو کے عشائیے میں صحافیوں سے گفتگو: نصراللہ اور منیس بھی تھے

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ اور مسلم لیگ (ج۔ ہوئی گروپ) کے رہنما میاں منظور احمد وٹو نے کہا ہے کہ کالاباغ ہر قیمت پر بننا چاہئے۔ پاکستان کو غیروں کی محتاجی اور صومالیہ بننے سے بچانا ہے تو اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔ وہ گزشتہ شب اپنے صاحبزادے معظم جہانزیب وٹو ایم پی اے کی طرف سے

بقیہ نمبر7 صفحہ 11 پر

پنجاب سے نفرت پاکستان سے نفرت ہے: مہتاب عباسی

اے این پی حکومت میں ہو تو نواز شریف انکا لیڈر رہبر ہوں تو پنجاب دشمن بن جاتے ہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ سردار مہتاب احمد خان نے کالاباغ ڈیم کی تعمیر کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ کالاباغ ڈیم ایک تکنیکی مسئلہ ہے جسے سڑکوں اور بازاروں میں گھسیٹ کر معصوم عوام کو گمراہ کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جب لوگ اقتدار سے

بقیہ نمبر32 صفحہ 11 پر

کالاباغ ڈیم پر اتفاق رائے کیلئے شہباز شریف کی ظفر اللہ جمالی اور انجینئر سلیم اللہ سے ملاقاتیں

لاہور (خبر نگار خصوصی) کالاباغ ڈیم پر قومی اتفاق رائے حاصل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف کی جانب سے مختلف جماعتوں کے رہنماؤں اور قائدین سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بلوچستان کے سابق وزیراعلیٰ ظفر اللہ خان جمالی اور

بقیہ نمبر27 صفحہ 11 پر

انسانی عادات والا چوہا' لطیفے سن کر قہقہے لگاتا ہے

سان فرانسسکو (نیوز ڈیسک) برازیل کے ماہر نفسیات کے پاس انسانوں کی طرح قہقہہ لگا کر ہنسنے والا چوہا ہے۔ ماہر نفسیات جان ایان کے مطابق اگر چوہے کو اچھا سا لطیفہ سنایا جائے تو ہنسنے لگتا

بقیہ نمبر26 صفحہ 11 پر

گاڑیوں کی ڈیوٹی فری درآمد پر پابندی کے فیصلہ پر آج سے ہی عملدرآمد شروع ہو جائیگا

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) وفاقی وزیر تجارت نے صدر وزیراعظم اور دیگر وی آئی پی شخصیات کے لئے ڈیوٹی فری کاروں کی درآمد پر پابندی کے جس فیصلہ کا اعلان کیا ہے اس کا ایس آر او منگل کو ہی جاری کیا جا رہا ہے۔ اس طرح اس فیصلہ پر

بقیہ نمبر50 صفحہ 10 پر

اقبال ٹاؤن میں لڑکی چھت سے گر کر جاں بحق

لاہور (نمائندہ خصوصی) زینت بلاک اقبال ٹاؤن میں میٹرک کی طالبہ ارم شہزادی تیسری منزل سے گر کر جاں بحق ہو گئی۔ اہل

بقیہ نمبر51 صفحہ 10 پر

سندھ میں تبدیلی کیلئے گول میز کانفرنس بلائی جائے

متحدہ کے "را" سے رابطے ہیں: حکومت ایجنٹوں کیخلاف کارروائی کرے: حقیقی

کراچی (نمائندہ خصوصی) مہاجر قومی موومنٹ (حقیقی) کے

بقیہ نمبر52 صفحہ 10 پر

اجمل خٹک اور پرویز رشید میں تلخ کلامی' ایک دوسرے کو مکے دکھائے

سارے واقعات کھول کر رکھ دوں گا: خٹک 'لیاقت باغ سے کابل تک کی کہانی بتا دوں گا: پرویز

بات سینٹ کی کمیٹی برائے اطلاعات میں ٹی وی پر کالاباغ ڈیم کے اشتہارات سے شروع ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی اطلاعات کی سٹینڈنگ کمیٹی میں کالاباغ ڈیم کے معاملے پر اے این پی کے صدر اجمل خٹک اور پی ٹی وی کے چیئرمین پرویز رشید کے درمیان سخت اور تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا اور بات ایک دوسرے کو مکا دکھانے اور ماضی بیان کرنے تک نوبت پہنچ گئی۔ اجمل خٹک نے پرویز رشید

بقیہ نمبر33 صفحہ 11 پر

لاہور چڑیا گھر میں دو ٹائیگرز کی پیدائش' تعداد 17 ہو گئی

لاہور (خبر نگار) لاہور چڑیا گھر کی سفید ٹائیگریس نے گزشتہ روز دو بچوں کو جنم دیا۔ ٹائیگریس اور اسکے بچے تندرست ہیں اور انہیں انتہائی نگہداشت میں رکھا گیا ہے۔ ان دو بچوں کی پیدائش

بقیہ نمبر35 صفحہ 11 پر

کراچی کا مسئلہ: سندھ کے بارے میں اہم فیصلے کر لئے گئے

اسلام آباد (نمائندہ نوائے وقت) وفاقی حکومت نے کراچی میں امن و امان کی ابتر صورتحال کے پیش نظر اہم اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں کراچی میں بعض اہم انتظامی

بقیہ نمبر46 صفحہ 10 پر

ڈپٹی ایڈیٹر نوائے وقت سید عباس اطہر کے بیٹے کے گھر ڈکیتی

ڈاکو اہلخانہ کو یرغمال بنا کر ساڑھے 3 لاکھ کی نقدی و زیورات اور گاڑی چھین کر لے گئے

پولیس کو فوری اطلاع دیدی گئی مگر نہ تو گاڑی کا سراغ ملا نہ ملزموں کا پتہ چلا

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈی بلاک ڈیفنس میں روزنامہ نوائے وقت کے ڈپٹی ایڈیٹر (نیوز) سید عباس اطہر کے صاحبزادے بابر علی شاہ کے گھر دن دہاڑے ڈکیتی کی واردات میں دو مسلح افراد ساڑھے تین لاکھ روپے زائد مالیت کی نقدی' زیورات اور گاڑی چھین کر فرار ہو گئے۔ سید عباس اطہر کے

بقیہ نمبر29 صفحہ 11 پر

کسی ضلع کو ختم نہیں کیا جا رہا: شہباز شریف

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت منڈی بہاؤالدین سمیت کسی بھی ضلع کے خاتمہ کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی بلکہ ہماری کوشش ہے کہ عوام کو عدل و انصاف

بقیہ نمبر47 صفحہ 10 پر

"پہلی بار تاجروں کو کافی مراعات ملیں، برآمدات بڑھائیں گے"

درآمدات میں کمی کیلئے اقدامات کئے جاتے تو بہتر ہوتا، اب وی آئی پی کلچر ختم ہو جائیگا

پولٹری صنعت کیلئے پالیسی مایوس کن ہے: افتخار ملک، ڈاکٹر رفیق، الماس حیدر، شیخ سلیم، عبدالباسط

لاہور (کامرس رپورٹر / اپنے سٹاف رپورٹر سے) مختلف شعبوں کے ماہرین نے ۹۹-۱۹۹۸ء کی نئی تجارتی پالیسی میں صدر، وزیراعظم گورنروں، وزرائے اعلیٰ، آرمی چیف اور جوائنٹ چیف آف سٹاف کے لئے ڈیوٹی فری کاروں کی درآمد ہمیشہ کے خاتمے کرنے کا فیصلہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر34 صفحہ 11 پر

بینظیر قومی اسمبلی میں تسبیح پرورد کرتی رہیں

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن قائد حزب اختلاف محترمہ بینظیر بھٹو نے پیر کی شام قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کی۔ وہ کافی دیر تک ایوان میں موجود رہیں اور اپنی نشست پر بہت آرام دہ انداز میں بیٹھے بیٹھے تسبیح پرورد کرتی رہیں

"سوئس حکومت نے تصدیق کر دی ہے 'منشیات کی فہرست احتساب بیورو نے دی"

سوئس اٹارنی جنرل نے ناہید خان کے وکیل کے نام خط میں اسکی تفصیلات سے آگاہ کیا ہے

چودھری فاروق اور احتساب بیورو جواب دے' سپریم کورٹ از خود نوٹس لے: پیپلز پارٹی

اسلام آباد (کے پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان نے کہا ہے کہ سوئس حکومت کو منشیات کی سمگلنگ میں ملوث بعض اہم پاکستانی شخصیات کی فہرست احتساب بیورو اور اٹارنی جنرل نے فراہم کی تھی اور اب اسکی تصدیق سوئٹزرلینڈ کے اٹارنی جنرل نے بھی کر دی ہے۔ پیر کو یہاں ایک بیان میں پی پی پی کے ترجمان نے سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملہ کا از خود نوٹس لے جبکہ ترجمان نے کہا کہ احتساب بیورو اور اٹارنی جنرل

بقیہ نمبر49 صفحہ 10 پر

پنجاب حکومت نے ٹریکٹر سبسڈی پالیسی کا اعلان کر دیا

درخواست دہندہ 5 سے 25 ایکڑ کا مالک ہو اور اپنی اراضی خود کاشت کرتا ہو

کسی محکمے یا بنک کا ڈیفالٹر درخواست دینے کا اہل نہیں' متعلقہ ڈویژن کا سکونتی ہونا ضروری ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے ٹریکٹر کی قیمت میں ایک لاکھ روپیہ فی ٹریکٹر کی سبسڈی پالیسی کی تفصیلات کا اعلان کیا ہے۔ سوموار کی شام پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں نئے مالی سال کے بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ سردار ذوالفقار علی کھوسہ نے بتایا کہ صوبہ بھر میں پانچ ہزار ٹریکٹروں کی خریداری کیلئے قابل کاشت علاقے کی بنیاد پر کوٹہ دیا جائیگا اور سکیم کیلئے صرف ایسے افراد اہل تصور کئے جائیں گے جنکی کم سے

بقیہ نمبر48 صفحہ 10 پر

چوبیس گھنٹے میں آندھی اور ہلکی بارش کا امکان

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ روز ہوا میں نمی کا تناسب زیادہ ہونے کی وجہ سے تمام دن حبس رہا اور گرمی زیادہ محسوس ہوتی رہی جبکہ گزشتہ روز زیادہ سے زیادہ

بقیہ نمبر28 صفحہ 11

قیامت کی گرمی نے 3 بچوں سمیت 13 افراد کی جان لے لی لو لگنے سے درجنوں بے ہوش

سارا دن لو چلتی رہی لوگ گھروں میں دبکے رہے' بعض علاقوں میں پانی اور بجلی کی آنکھ مچولی' مرنے والوں کے علاوہ درجنوں بیہوش ہو گئے

گوجرانوالہ میں دوشیزہ خریداری کے بعد گھر واپس آتے ہی بیہوش ہو گئی' ہسپتال جا کر دم توڑ گئی' چیچہ وطنی میں 3 بچے گرمی کی بھینٹ چڑھ گئے

چیچہ وطنی 4' گوجرانوالہ 3' گجرات' ساہیوال اور سرگودھا میں دو دو افراد ہلاک ہوئے۔ مرنیوالوں میں 2 کسان اور ایک بھٹہ مزدور بھی شامل ہیں

لاہور (نمائندگان نوائے وقت) گزشتہ روز پنجاب بھر میں شدید گرم دن رہا۔ گرمی کی شدت اور لو لگنے سے ۱۳ افراد ہلاک اور درجنوں بچے' بوڑھے اور خواتین بیہوش ہو گئے۔ گوجرانوالہ

بقیہ نمبر24 صفحہ 11 پر

گرمی کے ستائے ہوئے بچے اور نوجوان نہر میں نہا رہے ہیں

مجید نظامی ایڈیٹر' پرنٹر' پبلشر نے ندائے ملت پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ نوائے وقت 4۔ شارع فاطمہ جناح لاہور سے شائع کیا۔ ٹیلیفون لاہور 6367551-54' 6302050' اسلام آباد 202641-44' راولپنڈی 562675-77' ملتان 545571-4' کراچی 5843720-3' دی نیشن 6367579-80' 6367616' 6304495